Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

27اکتوبر2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کی جانب سے چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کے جانبدارانہ طرزِ عمل، متعصّبانہ فیصلوں اور ہر لحاظ سے امتیازی انصاف کی شدید مذمت
- چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ چیئرمین عمران خان کے حوالے سے مقدمات کی سماعت کے باب میں امانت و دیانت کے بنیادی اصولوں سے صریح انحراف کے بعد بطور جج اپنی حیثیت مکمل طور پر کھو چکے ہیں۔
- چیئرمین عمران خان کیخلاف جسٹس عامر فاروق کا بغض و عناد کی حد تک تعصّب اور جانبداریت روزِ روشن کیطرح قوم پر واضح ہو چکے ہیں۔
- چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کے عدالتوں سے کرپشن جیسے سنگین جرائم کے مرتکب قومی مجرم کی خلافِ قانون نجات کیلئے کی جانے والی سہولت کاری عدلیہ کے تقدس اور انصاف کی حرمت پر کاری ضرب ہے۔
- چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس عامر فاروق کے ہاتھ میں عدل کی میزان خود عدل کیلئے باعث ہزیمت و رسوائی ہے اور عدلیہ پر قوم کے اعتماد کو شدید ٹھیس پہنچا رہی ہے۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- نہایت ناقص اور صریح بے انصافی پر مبنی فیصلوں کے ایک طویل سلسلے کی روشنی میں جسٹس عامر فاروق کو منصبِ قضا سے معزول کیا جائے اور چیئرمین عمران خان کے مقدمات کو کسی منصب مزاج جج کے سپرد کیا جائے۔
- کور کمیٹی کی جانب سے پاکستان تحریک انصاف کی آفیشل سوشل میڈیا ٹیم اور دنیا بھر میں سماجی میڈیا کے رضاکاروں کیخلاف سرکاری پراپیگنڈہ مہم کی شدید مذمت
- کور کمیٹی کے اراکین کی جانب سے آفیشل سوشل میڈیا ٹیم اور اس سے وابستہ رضاکاروں کی تحریک انصاف اور ملک کیلئے بے لوث خدمات کو زبردست خراجِ تحسین پیش
- آفیشل سوشل میڈیا ٹیم کے ہر سطح کے ذمہ داران، کارکنان اور سماجی میڈیا کے رضاکاروں سے مکمل یکجہتی کا اظہار
- کور کمیٹی کی جانب سے زیرِ حراست قائدین خصوصاً خواتین کارکنان کے بنیادی قانونی حقوق کی پامالی اور عدالتی احکامات کے برعکس ان کی یکے بعد دیگرے گرفتاریوں کی بھی شدید مذمت

- بدترین سیاسی انتقام کا نشانہ بنائے جانے والے ہزاروں مرد و خواتین اسیر ان کے بنیادی حقوق کے تحفّظ اور ان کی فوری رہائی کا مطالبہ

- کور کمیٹی کی جانب سے لاہور میں پاکستان تحریک انصاف مرکزی پنجاب کے دفتر پر پولیس کے حملے اور دفتر کی جبری تالہ بندی کی بھی شدید مذمت
- تحریک انصاف مرکزی پنجاب کے دفتر میں مقامی قیادت کی طے شدہ پریس کانفرنس رکوانے کیلئے پنجاب کی غیر قانونی نگران حکومت کی ایماء پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی یلغار پر الیکشن کمیشن سے انتظامی و پولیس افسران کیخلاف سخت کارروائی کا مطالبہ
- کور کمیٹی کی جانب سے کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ تسلّط کے 76 برس مکمل ہونے پر کشمیریوں کی جانب سے منائے جانے والے
- ”یومِ سیاہ“ کے موقع پر مظلوم اہلِ کشمیر سے مکمل یکجہتی کا اظہار
- اہلِ کشمیر کے حقِ خودارادیت اور بھارت کے ظالمانہ و غاصبانہ استبداد سے آزادی کیلئے مظلوم کشمیری بھائیوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ